REGD. No. L. 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹۔ تار کا پتہ: ڈیلی الفضل ربوہ

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

ربوہ

یوم پنجشنبہ
فی پرچہ دس نئے پیسے

۲۵ رجب ۱۳۸۲ھ

شرح چندہ
سالانہ ۲۴ روپے
ششماہی ۱۳ "
سہ ماہی ۷ "
خطبہ نمبر ۵ "
بیرون پاکستان
سالانہ ۴۵ "

جلد ۵۱/۱۶ ۔ ۲۳ فتح ۱۳۴۱ ہش ۔ ۲۳ دسمبر ۱۹۶۲ء ۔ نمبر ۲۹۸

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب

ربوہ ۲۲ دسمبر بوقت ۸½ بجے صبح

کل شام حضور کو زکام کی کچھ تکلیف رہی۔ نیز شام کے وقت بے چینی کی تکلیف بھی ہو گئی۔ اِس وقت طبیعت اچھی ہے۔

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے حضور کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔
آمین اللّٰھم آمین

جلسۂ سالانہ کے بابرکت موقعہ پر

ربوہ میں مسیحِ پاک علیہ السلام کے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا

ہر سمت دوڑ دھوپ، سرگرمی، اور گہما گہمی کا پُر کیف منظر

ربوہ ۲۲ دسمبر۔ جماعت احمدیہ کے مقدس و بابرکت اور الٰہی جلسہ سالانہ کے موقعہ پر (جو بفضلہ تعالیٰ ۲۶ دسمبر سے یہاں شروع ہو رہا ہے) ربوہ میں مسیح پاک علیہ السلام کے خوش بخت و خوش نصیب مہمانوں کی آمد کا سلسلہ گزشتہ کئی روز سے شروع ہو چکا ہے۔ لاریوں کے اڈہ اور ریلوے اسٹیشن کی رونق میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ نو وارد مہمان جو جلسہ سالانہ میں شمولیت کے شوق میں چند دن قبل ہی اپنے مرکز میں تشریف لے آتے ہیں۔ سڑکوں اور بازاروں میں پھرتے ہوئے نظر آنے شروع ہو گئے ہیں اور اسی نسبت سے نمازوں کے اوقات کے دوران مسجدوں میں بھی حاضری کی تعداد بفضلہ تعالیٰ بڑھ گئی ہے۔

گول بازار کی دکانیں بھی نظافت و صفائی اور سیج دھج کے اعتبار سے ایک نیا روپ اختیار کرتی جا رہی ہیں۔ مزید برآں گول بازار کے میدان اور کھلے قطعات میں شامیانوں اور قناتوں سے عارضی دکانیں تیار ہونے کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے اور متعدد عارضی دکانیں دو ایک روز کے اندر اندر معرض وجود میں آ چکی ہیں۔ اور مزید دکانیں تیار کرنے کا کام بدستور جاری ہے۔ متعلقہ لنگر خانوں کو بھی صفائی ستھرائی کے بعد تیار کر دیا گیا ہے اور ان میں ضرورت کے مطابق سامان بہم منتقل کیا جا رہا ہے۔

الغرض ہر سمت دوڑ دھوپ سرگرمی اور گہما گہمی کا پُر کیف منظر دیکھنے میں آتا ہے جس میں بفضلہ تعالیٰ روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اضافہ ہوتا ہی چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ شمع احمدیت کے ہزاروں ہزار پروانوں سے ربوہ کی مقدس سرزمین یوں آباد نظر آئے گی کہ گویا اس کی مقناطیسی کشش نے ایک جہان کو اپنے اندر سمیٹ لیا ہے اور انہیں کمال درجہ والہیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز کر کے فرش سے اٹھا کر عرش کے قریب کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس الٰہی جلسہ میں شمولیت کی عظیم الشان سعادت سے بہرہ مند ہونے کی خاطر سفر اختیار کرنے والے مردوں عورتوں بچوں۔ بوڑھوں اور جوانوں کو اس سفرِ عظیم بخشنے سفر و حضر میں ان کا حافظ و ناصر ہو اور انہیں اس خالص روحانی اجتماع کی روحانی نعمتوں سے مالا مال فرمائے اور ان کی مرادیں انہیں عطا کرے اور دونوں جہانوں میں اپنے بے انداز افضال و انعامات سے نوازے۔
آمین اللّٰھم آمین

اخبار احمدیہ

ربوہ ۲۲ دسمبر۔ کل یہاں نماز جمعہ مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس نے پڑھائی۔ خطبہ جمعہ میں آپ نے قرآن مجید کی روشنی میں اس امر پر روشنی ڈالی کہ روحانی اجتماعات کے بابرکت مواقع پر افراد جماعت کو کس بلند اخلاق اور اعلیٰ کردار کا نمونہ پیش کرنا چاہیئے۔ اس امر کی وضاحت کے بعد آپ نے احباب جماعت کو جلسہ سالانہ کے تعلق میں ان کا اہم ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔

جھنگ سے سپیشل ٹرین جھنگ سے ۲۵ دسمبر کو دن کے دس اور گیارہ بجے کے درمیان ایک سپیشل ٹرین ربوہ روانہ ہوگی۔ ارد گرد کے احباب اس سے فائدہ اٹھائیں۔

انصار اللہ کا ایک نہایت اہم فرض

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی انصار اللہ کو ان کے ایک نہایت اہم فرض کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"انصار اللہ کو چاہیئے کہ اس رسالہ (ماہنامہ "انصار اللہ") کو ہر جہت سے ترقی دینے کی کوشش کریں۔ اس کی اشاعت کا حلقہ وسیع کریں اور اس کے لئے مختلف علمی موضوع پر اچھے اچھے مضامین لکھکر بھجوائیں تاکہ اس کی افادیت میں ترقی ہو اور جماعت میں اسکے متعلق دلچسپی بڑھتی چلی جائے۔"

ہر رکن مجلس انصار اللہ اس بلند پایہ رسالہ کے دو نئے خریدار مہیا کرکے اس کی اشاعت کا حلقہ وسیع کرنے میں گراں قدر خدمت سرانجام دے سکتا ہے۔ سالانہ چندہ صرف چھ روپے

(قائد اشاعت مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

قادیان کے جلسہ سالانہ کا تیسرا دن

صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ قادیان کے سالانہ جلسہ کا تیسرا دن بھی بفضلہ تعالیٰ خیر و خوبی سے گزرا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ پاکستانی قافلہ ۲۲/۱۲ کی شام کو قادیان سے روانہ ہوگا رات امرتسر سٹیشن پر ٹھہرے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ۲۳/۱۲ بارہ بجے دوپہر لاہور بذریعہ ریل واپس آئیگا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اہل قافلہ کو خیر و عافیت کے ساتھ اپنے اپنے گھروں میں پہنچائے۔

(قائمقام ناظر خدمت درویشاں ربوہ)

ایڈیٹر:۔ روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دار النصر غربی ربوہ سے شائع کیا۔

خطبہ جمعہ

جلسہ سالانہ پر احباب کثرت کے ساتھ آئیں اور یہاں آکر اپنا سارا وقت دین کے لئے خرچ کریں

کارکن خدمت کا اعلیٰ معیار قائم کریں اور اخراجات میں ہر ممکن کفایت کو ملحوظ رکھیں

از حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۱۱ دسمبر ۱۹۵۳ء بمقام ربوہ

سنہ ۵۳ء میں جب حضور نے یہ خطبہ پڑھا تو حضور نے ہدایت فرمائی تھی کہ یہ خطبہ ساری جماعتوں کو سنایا جائے تاکہ احباب جماعت کو اس کا اچھی طرح علم ہو جائے

سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

جلسہ کے دن

قریب آرہے ہیں اسلئے میں جلسہ کے متعلق بیرون جات کے احباب کو اور مقامی احباب کو توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ گذشتہ سال یہ شکایت پیدا ہوئی تھی کہ یہاں جن لوگوں نے مکانات بنائے ہیں انہوں نے جلسہ کے مہمانوں کے لئے بہت کم مکانات دئیے ہیں۔ اور منتظمین اس بات پر بھروسہ کئے بیٹھے رہے کہ مکانات بن رہے ہیں۔ ان کا معتدبہ حصہ جلسہ کے مہمانوں کے ٹھہرانے کے لئے ہمیں مل جائے گا۔ پس پہلے تو میں ان دوستوں کو جنہوں نے ربوہ میں مکانات بنائے ہیں نصیحت کرتا ہوں کہ جہاں تک ہو سکے وہ اپنے

مکانوں کا ایک حصہ

جلسہ سالانہ کے مہمانوں کے ٹھہرانے کے لئے دیں۔ اب خدا تعالیٰ کے فضل سے ربوہ میں قریباً کافی مکان بن چکے ہیں۔ بعض لوگ پورا پورا مکان بھی جلسہ کے لئے دے سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ربوہ نہیں آسکیں گے۔ اور بعض لوگ ایسے ہیں جنکے مکانات میں ۵-۵-۶-۶ کمرے ہیں اگر وہ خود دو تین کمروں میں گذارہ کر لیں تو جلسہ کے لئے دو تین کمرے دے سکتے ہیں۔ کارکنوں کو چاہئیے کہ وہ جلسہ کے دنوں میں

تکلیف اٹھا کر بھی

سلسلہ کی عمارتوں کا زیادہ سے زیادہ حصہ خالی کریں۔ پھر جن لوگوں نے مکانات بنائے ہیں اگر ان کے ہاں زیادہ مہمان نہیں آتے۔ بعض گھروں میں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر بہت زیادہ مہمان آجاتے ہیں اور وہ پورا کمرہ جلسہ کے لئے نہیں دے سکتے ان کو معذور سمجھا جائے کیونکہ وہ مہمان درحقیقت جلسہ کے مہمان ہی ہوتے ہیں۔ اور بسا اوقات وہ لوگ دوہری تکلیف برداشت کرتے ہیں۔ مہمانوں کو جگہ بھی دیتے ہیں اور کھانے کو بھی دیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو مستثنیٰ کرتے ہوئے باقی دوست اپنے مکانات کا زیادہ سے زیادہ حصہ جو وہ خالی کر سکیں جلسہ سالانہ کے مہمانوں کے ٹھہرنے کے لئے دیں۔ دوسری چیز

خدمت

ہوتی ہے۔ چند لوگ تو ایسے ہوتے ہیں جو مقررہ دنوں میں ہر سال مل جاتے ہیں مثلاً ہائی سکول۔ کالج اور جامعہ احمدیہ کے اساتذہ اور طالب علم ہیں۔ یہ تو بنا بنایا ذخیرہ ہیں جس سے وقت پر کارکن لے لئے جاتے ہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ وقت سے پہلے انہیں اس بات کی ٹریننگ دی جائے۔ کوئی بات بھی بغیر سمجھانے اور مشق کرنے کے نہیں آتی۔ چھوٹی سے چھوٹی چیز کو بھی مشق کرنے اور پوری طرح سمجھنے سے پہلے کیا جائے تو اس میں نقص رہ جاتا ہے۔۔۔۔ ہمارے کارکنوں کو بھی چاہئیے کہ وہ جلسہ سے قبل تمام کام کی

مکمل ریہرسل

کرائیں اور کام کرنے والوں کو پوری طرح مشاق بنا دیں۔ اور پھر چونکہ ہمارا کام اخلاقی ہے اسلئے کارکنوں کو اخلاقی تربیت دینا بھی ضروری ہے۔ مثلاً کارکنوں کو یہ سبق سکھانا چاہئیے کہ اگر کوئی مہمان جوشیلا ہو۔ اور سخت کلامی کرے تو ان کا کیا رویہ ہونا چاہئیے۔ بالعموم دفعہ کوئی شخص غیر معقول ہوتا ہے۔ وہ عقل کی بات نہیں کرتا محض ضد کرتا ہے۔ ایسے موقعہ پر کارکنوں کو کیا طریق اختیار کرنا چاہئیے۔ کھانے پکانے اور بانٹنے کے متعلق بھی ہر سال بعض قواعد و ضوابط بنائے جاتے ہیں ان کی بھی مشق کرانی چاہئیے۔

پچھلے سال میں نے کہا تھا کہ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر بہت سا کھانا ضائع ہوتا ہے اسلئے یہ احتیاط کی جائے کہ

کھانا ضائع نہ ہو

میری اس ہدایت پر ایک حد تک عمل بھی کیا گیا لیکن میں ہمیشہ دیکھتا ہوں کہ کچھ دن تو ہدایت کے مطابق عمل کیا جاتا ہے لیکن آخری دو تین دنوں میں زیادہ احتیاط نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے خرچ بڑھ جاتا ہے پچھلے سال بھی یہی ہوا پہلے دنوں میں کافی احتیاط کی گئی لیکن آخری دنوں میں اس طرف توجہ نہیں کی گئی جسکی وجہ سے خرچ بڑھ گیا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ گذشتہ سال ایک حد تک اخراجات میں کفایت ہوئی لیکن اگر کوشش کی جاتی تو اس سے بھی زیادہ کفایت کی جا سکتی تھی۔ آخری دو دنوں میں بھی قواعد و ضوابط کی پابندی کی جاتی تو اتنا خرچ نہ ہوتا۔ کھانا اس رنگ میں ضائع ہوتا ہے کہ بعض مہمان گھروں میں ٹھہر جاتے ہیں اور وہاں کمزور لوگ غلطیاں کرتے ہیں اور بعض اوقات شرارتیں بھی کر جاتے ہیں۔ پھر بعض اوقات سستی اور غفلت سے بھی کھانا ضائع ہو جاتا ہے مثلاً ایک کارکن کو دو گھروں پر مقرر کیا جاتا ہے ان دنوں میں

مہمانوں کا اس قدر زور

ہوتا ہے کہ آج صبح ۸ مہمان ہیں تو شام سولہ ہیں۔ دوسری صبح تیس ہیں تو شام کو چونسٹھ ہیں اور جو شخص سست ہوتا ہے وہ آپ ہی آپ حساب لگا لیتا ہے کہ آج صبح چار مہمان ہیں تو شام کو آٹھ ہوں گے۔ حالانکہ یہ بھی ممکن ہے کہ شام کو آٹھ مہمان آئیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ شام کو چار ہی مہمان رہیں یا کسی مہمان کو کام پڑ جائے تو وہ ایک ہی دن جلسہ سنکر واپس چلا جائے اور مہمان پہلے سے کم ہو جائیں۔ لیکن وہ بغیر تحقیقات کے آپ ہی حساب لگا لیتے ہیں اور کہتے ہیں اتنے مہمان ہیں ان کے لئے کھانا دیں اور جب اتنے مہمانوں کی روٹی جاتی ہے تو وہ لازماً ضائع ہو جاتی ہے اور گھروں والے بچے ہوئے ٹکڑے کام کرنے والے لوگوں کو دے دیتے ہیں پھر کارکن بھی شرماتا ہے کہ اگر ٹکڑے واپس لے گیا تو افسروں کو میری سستی اور غفلت کا پتہ لگ جائے گا پس جلسہ سے قبل کارکنوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرا دی جائے کہ جلسہ کے موقعہ پر ان کا خدمت کرنا ان کے لئے

ثواب کا موجب

ہے اگر وہ اس قسم کی غلطیاں کریں گے تو یہ ثواب ان کے لئے عذاب بن جائے گا اور انہیں خدا تعالیٰ کی خوشنودی حاصل نہیں ہو گی بلکہ خدا تعالیٰ کی ناراضگی ملے گی۔ آج کل جماعت سخت مالی مشکلات سے گذر رہی ہے۔ اسکے ذمہ ساری دنیا کی تبلیغ ہے۔ ابھی تک یورپ۔ امریکہ۔ ایشیا کے مشرقی جنوبی علاقوں اور افریقہ کے بعض حصوں میں اسلام کا نام نہیں گیا۔ اور اگر گیا ہے تو ایسی بُری صورت میں کہ لوگوں کو اس سے نفرت ہے۔ ان سب ممالک میں ہم نے

اسلام کی تبلیغ

کو وسیع کرنا ہے اور یہ معمولی بات نہیں بلکہ ہماری چھوٹی سی جماعت کے لئے تو یہ کام

قریبًا ناممکن ہے۔ اگر سارے مسلمان بھی اس کام میں ہمارے ساتھ مل جائیں تب بھی یہ کام بہت زیادہ ہے۔ لیکن باقی مسلمانوں کا لاکھواں حصہ بھی تو ہمارے ساتھ متفق نہیں۔ ایسی صورت میں جبکہ خدا تعالےٰ نے یہ کام ہمارے ذمہ لگایا ہے اور ہم نے یہ بوجھ اٹھانا ہے۔ جب تک ہم ایک ایک پیسے ایک ایک دھیلے اور ایک ایک پائی کا حساب نہ رکھیں اور اپنے اموال کو بچا کر اپنے اس کام کے لئے خرچ نہ کریں جو خدا تعالےٰ نے ہمارے ذمہ لگایا ہے اس وقت تک ہم اپنے فرض کو ادا نہیں کر سکتے۔ پس ہر طالب علم کے ذہن میں یہ بات داخل کی جائے کہ تم جو پیسے بچاؤ گے خدا تعالیٰ کے دفتر میں وہ تمہاری طرف سے چندہ شمار ہو گا۔ کیونکہ جو شخص محنت اور قربانی کر کے سلسلہ کا مال بچاتا ہے وہ گویا

سلسلہ کے لئے چندہ

دیتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی طالب علم اچھی طرح کام کرتا ہے اور جو مہمان اسکے ذمہ لگائے گئے تھے ان کی خدمت کرتا ہے۔ اور اپنی احتیاط کی وجہ سے وہ دس روپے بچا لیتا ہے تو خدا تعالےٰ کے دفتر میں یہ لکھا جائے گا کہ اس نے دس روپے چندہ دیا۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں دیتا ہے اس کو بھی ثواب ملتا ہے اور جس کے ہاتھ سے خدا تعالیٰ کی راہ میں کچھ دیا جاتا ہے اس کو بھی ثواب ملتا ہے خالی اس کو ثواب نہیں ملتا جو خرچ کرتا ہے بلکہ اسے بھی ثواب ملتا ہے جو دیانتداری سے تقسیم کرتا ہے۔ اگر یہ بات طلباء کے ذہن نشین کرا دی جائے کہ تمہارے لئے کس قدر ثواب کے مواقع ہیں تو وہ کفایت اور احتیاط کو ملحوظ رکھ کر سلسلہ کے کام میں بہت کچھ کمی کا موجب بن سکتے ہیں

پچھلی دفعہ باوجود بار بار ہدایات دینے کے بعض مہمانوں کی طرف سے یہ شکایت آئی کہ جہاں پر کھانا تقسیم کیا جا رہا تھا۔ وہاں ہائی سکول کے ایک ماسٹر اور کچھ طالب علم دیگ سے اپنے ہاتھ سے بوٹیاں نکال نکال کر کھا رہے تھے۔ یہ بات بہاں غلیظ ہے اور دیکھنے والوں کو نفرت آتی ہے۔ وہاں دیکھنے والوں پر اس کا بُرا اثر پڑتا ہے کہ جو لوگ ہمیں کھانا کھلانے پر مقرر ہیں وہ پہلے اپنا پیٹ بھر رہے ہیں اگر ہر دفعہ طلباء کو اس قسم کی نصائح کی جائیں تو یہ چھوٹی چھوٹی شکایتیں رفع ہو جائیں۔ اور پھر

ہر محکمہ خود بھی تربیت کرے

مثلاً ایک تربیت تو وہ ہے جو افسران جلسہ کرتے ہیں لیکن اگر سکول والے اپنے اساتذہ اور طلباء کو جمع کر کے یہ کہیں کہ اگر تم اس قسم کی غلطی کرو گے تو سکول کا ناک کاٹو گے تم میں سے ایک شخص کی غلطی کی وجہ سے سارے سکول کا نام بدنام ہو گا۔ تم خدا تعالیٰ سے کسی قسم کا ثواب حاصل نہیں کر سکو گے تم محض خدمت کرنے نہیں جاتے۔ بلکہ سکول کی عزت قائم کرنے بھی جاتے ہو۔ اگر تم اس قسم کی غلطیاں کرو گے تو سکول بدنام ہو گا۔ اسی طرح جامعہ والے اپنے طلباء کو لیکچر دیں اور انہیں نصیحت کریں کہ وہ محض خدمت نہیں کرنے جاتے بلکہ وہ خدمت کا اعلےٰ معیار قائم کر کے کالج کیلئے

عزت کا باعث

ہوتے ہیں اگر انہوں نے کوئی غلطی کی تو ادارہ کی عزت برباد ہو گی۔ اگر سارے ادارے ایسا کریں تو منتظمین کا کام آسان ہو جائے گا۔ اور کارکنوں میں کام کا احساس زیادہ ہو گا اور غلطی کم ہو گی۔ جلسہ کا رکن عمومًا انہی اداروں کے اساتذہ اور کارکن ہوتے ہیں۔ اور ان دنوں میں جن افسروں سے ان کا تعلق ہوتا ہے وہ چند دن کے لئے مقرر ہوتے ہیں اسلئے ان کو ان افسروں کی عزت کا اتنا پاس نہیں ہوتا جتنا ان لوگوں کا جو ان کا مستقل حصہ ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک طالب علم کو افسر جلسہ کا اتنا پاس نہیں ہوتا جتنا اسے ہیڈ ماسٹر کی عزت کا پاس ہوتا ہے۔ کیونکہ افسر جلسہ سے اس کا چند دن کا تعلق ہوتا ہے۔ اور ہیڈ ماسٹر سے اس کا لمبا تعلق ہوتا ہے۔ اگر ہیڈ ماسٹر ان کو بلا کر اس قسم کی نصائح کریں کہ اس وقت

سکول کی عزت

کا سوال ہے۔ تم میں سے اگر کوئی طالب علم غلطی کرے گا تو اس ایک طالب علم کی غلطی سے سارا سکول بدنام ہو گا۔ تم کو آج بالکل عریاں کر کے جماعت کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

پھر میں باہر کی جماعتوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ

کثرت سے جلسہ پر آئیں

جب سے ربوہ قائم ہوا ہے باوجودیکہ یہ ایک کھلی سڑک پر واقع ہے۔ جماعت کے اندر یہ احساس پیدا نہیں ہوا کہ وہ کثرت سے اور بار بار یہاں آئے جن لوگوں کی یہاں رشتہ داریاں ہیں یا انہوں نے یہاں مکان بنائے ہیں وہ تو یہاں آجاتے ہیں لیکن دوسرے لوگوں میں یہاں آنے کا اس طرح احساس پیدا نہیں ہوا جس طرح قادیان آنے کا انہیں احساس تھا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں۔ کہ قادیان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مولد و مدفن تھا۔ لیکن درحقیقت اس کی

اصل فضیلت

یہی تھی کہ وہاں دین کا کام کیا جاتا تھا اور یہی چیز ربوہ کو بھی حاصل ہے۔ جو شخص اپنے آپ کو محض کسی مقام سے وابستہ کر لیتا ہے اسے خدا تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ وہ جو کام کرتا ہے اپنی دلچسپی کی وجہ سے کرتا ہے حالانکہ جس کا خدا تعالےٰ سے اصل تعلق ہوتا ہے وہ اس چیز سے تعلق رکھتا ہے جو خدا تعالےٰ کے مقرر کردہ مقصد اور اسکے ارادہ کے مطابق ہوتی ہے۔ کسی کا قول مشہور ہے کہ وہ راجہ کا نوکر ہے۔ بینگن کا نوکر نہیں حقیقت یہی ہے کہ مومن اپنے ظاہری لگاؤ اور دلچسپیوں کو حقیقی چیز پر قربان کر دیتا ہے۔ اگر کہیں دونوں چیزیں مل جائیں تو خیر ہا لیکن جب مالک اور آقا کا یہ منشاء ہو کہ وہ ظاہر اور باطن کو الگ الگ کر دے تو اس کا فرض ہے کہ وہ ظاہر پر وقت ضائع کرنے سے گریز کرے اور باطن کی طرف جائے اس وقت تک یہی ہوتا ہے کہ لوگ جلسہ پر ربوہ آجاتے ہیں۔ پس دوست اس موقع پر

ضرور آئیں

کیونکہ دوسرے دنوں میں انہیں یہاں آنے کا موقع کم ملتا ہے اور یہ ارادہ کر کے آئیں کہ وہ یہ دن ضائع نہیں کریں گے۔ میں پچھلے کئی سالوں سے جماعت کو اسی طرف توجہ دلا رہا ہوں لیکن میری اس نصیحت پر صحیح طور پر عمل نہیں ہوا۔ لوگ تقاریر کے دوران میں اِدھر اُدھر پھر کر اپنا وقت ضائع کر دیتے ہیں۔ پس جب تم سالانہ جلسہ پر آؤ تو اپنا سارا وقت دین کے لئے خرچ کرو۔ اور جو دوست تمہارے ساتھ جلسہ پر آئیں ان کی بھی نگرانی کرو کہ وہ اپنا وقت دینی کاموں میں لگائیں تا تم خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کر سکو۔ شریعت نے

اعتکاف کی عبادت

بھی رکھی ہے۔ یہ اعتکاف کیوں رکھا ہے اسکی حکمت بھی یہی ہے کہ جب انسان اپنے ارادہ کو کلّی طور پر خدا تعالیٰ کی طرف منتقل کر دیتا ہے تو خدا تعالےٰ کے فضل اس پر نازل ہونے لگ جاتے ہیں۔ اسی طرح جب کوئی شخص اپنے دنیوی کاموں سے منہ موڑ کر خدا تعالےٰ کے لئے مسجد میں بیٹھ جاتا ہے اور دن رات وہیں رہتا ہے تو وہ خدا تعالےٰ کے فضلوں کو جذب کر لیتا ہے لیکن اگر کوئی شخص اعتکاف بیٹھے۔ اور سارا دن باہر پھرتا رہے تو تم جانتے ہو کہ اس کا اعتکاف اعتکاف نہیں ہوتا۔ اسی طرح ایک لڑکا اگر سکول جاتا ہے لیکن وہ اکثر وقت باہر پھرتا رہتا ہے۔ کلاس میں نہیں جاتا تو تم جانتے ہو کہ اسے سکول کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا یہی حال جلسہ سالانہ کا ہے۔ جو شخص جلسہ کے لئے ربوہ آتا ہے اور پھر اپنے سارے وقت کو دینی کاموں میں نہیں لگاتا۔ اسے جلسہ کا فائدہ کم ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل بھی اسی نسبت سے اسے کم ملتے ہیں۔ اگر کوئی شخص اپنا وقت خدا تعالیٰ کی راہ میں لگائے تو چاہے اسے کوئی بات سمجھ آئے یا نہ آئے۔

خدا تعالیٰ کے فرشتے

تو جانتے ہیں کہ وہ سارا وقت خدا تعالیٰ کی راہ میں بیٹھا رہا اور یہ بھی ثواب کا موجب ہوتا ہے اس سے کسی شخص کا خانہ خالی نہیں رہ سکتا چاہے وہ ایک لفظ بھی نہ سمجھ سکے۔ اللہ تعالیٰ کے دربار میں لکھا جائے گا کہ وہ ہماری خاطر بیٹھا رہا۔ جب انسان ارادہ کر کے بیٹھ جاتا ہے تو چاہے وہ کوئی زبان بولتا ہو اور کسی ملک میں رہتا ہو اسکے نام پر یہ لکھا جاتا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی خاطر بیٹھا رہا اور اسنے اتنا وقت خدا تعالیٰ کی خدمت میں گزارا۔

میں سمجھتا ہوں کہ قرآن کریم میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جو عبد اللہ کہا گیا ہے اس میں یہی حکمت ہے کہ آپؐ نے اپنی ساری زندگی خدا تعالیٰ کی راہ میں لگا دی تھی۔ باقی لوگ تھوڑی تھوڑی مدت کے لئے عباد اللہ بنتے ہیں

. . . .

کچھ بلوغت سے وفات تک کے عرصہ کے لئے عبد اللہ ہوتے ہیں اور باقی حصوں میں عبد الدنیا یا عبد الدینار ہوتے ہیں۔ کچھ ایسے ہوتے ہیں جو عبد اللہ کم ہوتے ہیں اور عبد الدنیا اور عبد الدینار زیادہ ہوتے ہیں لیکن رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کامل ترین عبد اللہ تھے جن کی زندگی کی ایک ایک ساعت خدا تعالیٰ کی رضامندی میں گزری اور یہ وہ مقام ہے کہ جس میں نہ کوئی پہلے آپ کا شریک ہوا۔ اور نہ آئندہ شریک ہو سکتا ہے بہرحال اس پیچیدہ زندگی میں تین دن عبد اللہ بننے کی کوشش کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔ دوسرے دنوں میں رات دن دوسری طرف کھینچنے والی چیزیں موجود ہوتی ہیں لیکن

جلسہ کے دنوں میں

صرف دین کی طرف کھینچنے والی چیزیں باقی رہ جاتی ہیں۔ لاہور اور کراچی میں تو یہ حال ہے کہ انسان دین کی طرف کوشش کر کے جاتا ہے دنیا کی طرف کھینچنے والے موجبات زیادہ ہوتے ہیں لیکن جلسہ کے دنوں میں دنیا کی طرف کھینچنے والی چیزیں نہیں ہوتیں۔ ساری کشش دین کی طرف ہوتی ہے اگر کوئی شخص ان دنوں میں بھی دنیا کی طرف جاتا ہے تو وہ رستہ کاٹ کر جاتا ہے اور یہ کتنی بدقسمتی کی بات ہے کہ کسی کو تین دن عبد اللہ بننے کے لئے ملیں اور ان کو بھی وہ ضائع کر دے۔

جلسہ سالانہ پر لائل پور کے راستے ربوہ جانیوالے احباب کیلئے ضروری اعلان

مجلس خدام الاحمدیہ لائل پور مہمانانِ جلسہ سالانہ ربوہ کی سہولت کے پیشِ نظر شعبہ خدمتِ خلق کی طرف سے امسال بھی اپنا ایک امدادی کیمپ مقامی جنرل بس اسٹینڈ پر متصل ہائی وے چنگی لگا رہی ہے۔ اسلئے لائل پور کے راستے سے ربوہ جانے والے احباب جماعت کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ ہمارے خدام سے (جو وہاں ڈیوٹی پر مقرر ہوں گے) پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ اور اگر کوئی مشکل پیش آئے تو فوراً ہمارے خدام کو مطلع فرمایا جائے۔ اسی طرح ریلوے اسٹیشن پر بھی خدام ڈیوٹی پر مقرر ہوں گے۔

(ناظم خدمتِ خلق مجلس خدام الاحمدیہ لائل پور)

جلسہ سالانہ پر
عہدیداران لجنہ اماء اللہ کا ایک خصوصی اجلاس

مورخہ ۲۷، ۲۸ دسمبر کی درمیانی شب کو ساڑھے سات بجے رات زنانہ جلسہ گاہ کی سٹیج پر لجنات اماء اللہ کی عہدیداران کا ایک خصوصی اجلاس ہو گا۔ تمام بیرونی اور مقامی عہدیداران اس میں ضرور شرکت فرمائیں۔

(جنرل سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

"راہِ ایمان" کا چوتھا ایڈیشن شائع ہو رہا ہے

جلسہ سالانہ کے موقع پر احمدی بچوں کے لئے دینی معلومات پر مشتمل کتاب راہِ ایمان کا چوتھا ایڈیشن شائع ہو رہا ہے۔ یہ کتاب ناصرات الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کے نصاب میں شامل ہے ۶۳ء کے دوران اس کا امتحان ہوگا۔ لجنات کو اور دیگر احباب جماعت کو چاہیئے کہ جلسہ پر یہ کتاب ضرور خرید لیں۔ اسی طرح رسالہ دینی معلومات کا بھی امتحان ہوگا وہ بھی جلسہ پر لے جائیں۔ راہِ ایمان کی قیمت ۱۰ ؍ فی نسخہ ہے۔ دینی معلومات کی قیمت ۲ ؍ ہے۔

(سیکرٹری اشاعت)

سپیشل ٹرینوں کا پروگرام

جلسہ سالانہ کے ایام میں حسبِ سابق لاہور، سیالکوٹ، نارووال اور وزیر آباد سے مندرجہ ذیل اوقات میں ٹرینیں چلیں گی۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ آتے ہوئے اور واپسی پر ان سپیشل ٹرینوں پر ہی سفر کریں کیونکہ اجتماعی رنگ میں سفر بہت برکت کا موجب ہوتا ہے۔ نیز ٹرینوں میں آرام اور سہولت رہتی ہے امراء اور پریذیڈنٹ صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے مقام اور حلقہ میں پوری طرح سے اعلان کروا دیں۔

تاریخ	مقام روانگی	وقت	واپسی تاریخ	مقام روانگی	وقت
۲۵/۱۲/۶۲	لاہور سے ربوہ	دو بجے دوپہر	۲۸/۱۲/۶۲	ربوہ سے لاہور	شام ساڑھے چھ بجے
"	سیالکوٹ سے ربوہ	ساڑھے نو بجے صبح	۲۹/۱۲/۶۲	" سیالکوٹ	صبح آٹھ بجے
"	نارووال سے ربوہ	ساڑھے دس بجے صبح	۲۹/۱۲/۶۲	" نارووال	صبح سات بجے
"	وزیرآباد سے ربوہ	ڈبہ لگا کر صبح سوا آٹھ بجے	۲۸/۱۲/۶۲	" وزیرآباد	شام ساڑھے سات بجے

نوٹ :- راولپنڈی سے بھی سپیشل ٹرین کی لاہور سے منظوری ہو چکی ہے۔

(ناظم استقبال)

اولاد کی تربیت

اولاد کی تربیت ایک بڑا اہم اور ضروری فریضہ ہے اور تربیت کے لئے دینی واقفیت کی ضرورت ہے ـــ آپ الفضل ایسے دینی اخبار کے خطبہ یا روزانہ پرچہ کو جاری کروا کر اپنی اولاد کی صحیح تربیت کا ایک مستقل سامان کر سکتے ہیں +

(مینجر الفضل ربوہ)

نقشہ فرودگاہ مہمانانِ کرام جلسہ سالانہ ۱۹۶۲ء

جلسہ سالانہ ۱۹۶۲ء کے موقع پر جماعتوں کی فرودگاہوں کا نقشہ درج ذیل ہے۔ احباب جماعت سے التماس ہے کہ وہ اسی کے مطابق قیام فرمائیں نیز عہدیداران جماعت سے درخواست ہے کہ وہ احباب جماعت کو اپنی جماعت کی قیام گاہ سے مطلع فرما دیں۔ (ناظم مکانات و معلومات)

نمبر شمار	قیام گاہ	نام جماعت
۱	جامعہ احمدیہ (نئی عمارت)	جھنگ ضلع و شہر راولپنڈی ضلع و شہر ڈیرہ غازیخاں ضلع و شہر
۲	ہوسٹل جامعہ احمدیہ (جامعہ احمدیہ پرانی عمارت)	لائلپور ضلع و شہر شیخوپورہ ضلع و شہر
۳	تعلیم الاسلام کالج	لاہور ضلع و شہر کیمبل پور ضلع و شہر بہاولپور ڈویژن
۴	تعلیم الاسلام کالج ہال	سرگودھا ضلع و شہر
۵	تعلیم الاسلام ہائی سکول	منٹگمری ضلع و شہر ملتان ضلع و شہر گجرات ضلع و شہر جہلم ضلع و شہر خیرپور ڈویژن حیدرآباد ڈویژن
۶	فضل عمر ہوسٹل تعلیم الاسلام کالج	گوجرانوالہ ضلع و شہر
۷	بورڈنگ ہاؤس تعلیم الاسلام ہائی سکول	سیالکوٹ ضلع و شہر
۸	دار الضیافت	کراچی۔ کوئٹہ۔ قلات ڈویژن مشرقی پاکستان
۹	دفاتر تحریک جدید	قادیان و بھارت ڈیرہ اسماعیل خاں ڈویژن آزاد کشمیر
۱۰	نصرت گرلز مڈل سکول (نزد مسجد محمود)	پشاور ڈویژن
۱۱	پرائمری سکول دار الرحمت وسطی	مظفر گڑھ ضلع و شہر میانوالی ضلع و شہر

اعلان برائے ٹکٹ سٹیج جلسہ سالانہ خواتین

جلسہ سالانہ کے موقع پر بڑی کثرت سے مستورات سٹیج کے ٹکٹ کا مطالبہ کرتی ہیں حالانکہ سٹیج ایک محدود جگہ ہوتی ہے۔ جو انتظام کی غرض سے بنائی جاتی ہے۔ جہاں صرف لجنہ اماء اللہ کی عہدیدار صحابیات یا بوڑھی مستورات کے لئے جگہ ہوتی ہے۔

جو بہنیں ٹکٹ لینا چاہیں وہ جلسہ سالانہ سے قبل ہی ٹکٹ حاصل کر لیں۔ اس وقت سٹیج کے دروازہ پر اس قدر ہجوم ہوتا ہے کہ ٹکٹ تقسیم کرنا مشکل ہو جاتا ہے نیز ٹکٹ منگوانے کے لئے امیر جماعت کی معرفت یا صدر لجنہ کی معرفت نام بھجوائیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

زکوٰۃ کی ادائیگی اموال کو بڑھاتی اور تزکیہ نفس کرتی ہے

دفتر وقف جدید دوران جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں ۲۵ سے ۲۹ دسمبر ۶۲ء تک ہمارا دفتر عارضی طور پر خدام الاحمدیہ اور گول بازار کے درمیان کھلی زمین پر کام کرے گا چنانچہ وقف جدید سٹال اور نمائش بھی لگائی جائے گی احباب مطلع رہیں۔ (ناظم وقف جدید)

"مصباح" کے خریداران کے لئے ضروری اعلان

مصباح جنوری ۱۹۶۳ء کا پرچہ شائع نہیں ہوگا فروری میں عام پرچہ ہوگا۔ اور مارچ کا پرچہ سالنامہ ہوگا۔ اس خاص نمبر کے لئے جو عنوان الفضل اور مصباح میں شائع کئے گئے ہیں، ان کے مطابق مضمون اکثر جنوری تک پہنچ جانے چاہئیں۔ ممنون ہوں گی۔

(مدیرہ)

ضروری اعلان

برائے رضاکاران بر موقعہ جلسہ سالانہ

باہر سے آنے والے جن انصار و خدام نے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ڈیوٹی ادا کرنے کیلئے اپنے نام پیش کئے ہیں وہ مورخہ ۲۴، ۲۵ دسمبر ۱۹۶۲ء بوقت ۳ بجے سے ۴ بجے شام دفاتر انصار اللہ مرکزیہ میں تشریف لاکر دفتر "منتظم معاونین" سے اپنی ڈیوٹی معلوم کرکے فوراً اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہو جائیں

(افسر جلسہ سالانہ)

جلسہ سالانہ کے ایام میں مسجد مبارک میں باجماعت نماز تہجد کا انتظام

احباب کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جلسہ سالانہ کے مبارک اجتماع کے موقعہ پر حسب سابق مسجد مبارک میں باجماعت نماز تہجد کا انتظام کیا گیا ہے مکرم حافظ محمد رمضان صاحب تہجد کی نماز پڑھائیں گے ۴½ بجے نماز تہجد شروع ہوا کرے گی یہ وقت بعض احباب کی درخواست کے پیش نظر مقرر کیا گیا ہے احباب کو استفادہ کرنا چاہیئے۔

(ناظر اصلاح و ارشاد۔ ربوہ)

سائیکل دوڑ پچاس میل

امسال جامعہ احمدیہ کی سالانہ کھیلوں کے سلسلے میں ۵۰ میل سائیکل دوڑ کا مقابلہ ۷ دسمبر بروز جمعہ صبح نو بجکر اٹھارہ منٹ پر ہوا اس دوڑ کا فاصلہ ربوہ سے سرگودھا پہنچ کر پھر واپس ربوہ آنا تھا دوڑ میں سات طلبہ نے حصہ لیا جن میں سے اول راجہ نصیر احمد صاحب (۳ گھنٹے ۴۲ منٹ ۱۵ سکنڈ) اور دوم صفی الرحمن صاحب خورشید ۳ گھنٹے ۴۳ منٹ ۳۰ سکنڈ رہے

ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق احباب کی سہولت کیلئے دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ میں منتقل کیا جا رہا ہے جملہ احباب ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۶۲ء الفضل کے متعلقہ امور کے سلسلہ میں وہاں تشریف لائیں

(مینیجر)

۷
روزنامہ الفضل ربوہ مورخہ ۲۳ دسمبر
الیس اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں ایڈیٹر کرد احمد دکان بورڈ لمیٹڈ
۱۔ افضل برادرز ۳۔ مون لائٹ جنرل سٹور
۲۔ احمد ایجاد ماڈرن سٹورز ۴۔ لجنہ ہال سے بھی ملتی ہیں
جلسہ سالانہ ربوہ
پر
تشریف لے جانیوالے احباب کی سہولت کیلئے گوجرانوالہ بس سٹینڈ پر
پرنس ٹرانسپورٹ کمپنی لمیٹڈ کیمپ لگا رہی ہے
جہاں سے ربوہ کے لئے صبح ۴ بجے سے رات ۱۰ بجے تک بسیں چلائی جاویں گی۔
گوجرانوالہ، گجرات، وزیرآباد، ڈسکہ، جہلم کے احباب اس کیمپ میں تشریف لاویں اور
فائدہ اٹھاویں
واپسی جلسہ کیلئے ربوہ میں کیمپ لگایا گیا ہے
ایس ایم شریف منیجنگ ڈائرکٹر پرنس ٹرانسپورٹ کمپنی لمیٹڈ لاہور
ہماری انفرادیت
اس بات میں ہے کہ ہم نے نہ صرف
ا۔ طلبہ اور دماغی کام کرنے والوں
ب۔ کمی خون اور کمزور صحت والوں
ج۔ مستورات
د۔ بچوں
ھ۔ نوجوانوں
اور حیوانات تک کے لئے مجرب دوائیں ایجاد کی ہیں
بلکہ
کیوریٹو (CURATIVE) کو بطور معیاد
حکیم و ڈاکٹر صاحبان کے علاوہ ہر عام و خاص
کی خدمت میں آزمائش کے لئے مفت پیش
کرتے ہیں۔ اگر کھانسی۔ زکام۔ بخار نمونیہ اور
ہر قسم کی دردوں کے لئے کیوریٹو واقعی بے نظیر
ہو تو آپ ہماری خاص ادویات کا لٹریچر
مفت حاصل کر کے ضرورت کے مطابق ادویات
خرید سکتے ہیں
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ربوہ
کیوریٹو میڈیسن کمپنی کرشن نگر لاہور
دفتر سے خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ (مینیجر)
زمین کے کناروں تک
خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
دنیا کے کونے کونے میں اسلام کی تبلیغ ہو رہی ہے۔ پاکستان میں بھی ایسے لوگ
موجود ہیں جن کو انگریزی اور عربی زبان میں اسلام کے متعلق لٹریچر کی ضرورت ہے
احباب کو چاہیئے کہ انگریزی اور عربی لٹریچر نیز اردو لٹریچر خریدنے کے
لئے ہمیشہ اس قومی ادارے کو یاد رکھیں۔
اورینٹل اینڈ ریلیجس پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ گولبازار ربوہ
نصرت آرٹ پریس
گولبازار ربوہ میں بہت عمدہ پرنٹنگ کا انتظام ہے۔ جلسہ سالانہ
پر تشریف لانیوالے احباب بآسانی آرڈر دے سکتے ہیں۔ دوست اپنی
ضرورت کے لیٹر پیڈز اور رسید بکیں وغیرہ چھپوانے کا آرڈر فرمائیں
اور شادی کارڈ بھی جلسہ سالانہ کے موقعہ پر عمدہ سنہری رنگ میں چھپوائیں
منیجر نصرت آرٹ پریس گولبازار ربوہ
ربوہ کا مشہور عالم تحفہ
نور کاجل
آنکھوں کی خوبصورتی اور صحت کیلئے
دنیا بھر میں مشہور
جلسہ سالانہ پر خریدتے وقت
نور کاجل
اور
خورشید یونانی دواخانہ کے الفاظ
لیبل پر ملاحظہ فرمالیں ملتے جلتے ناموں سے دھوکہ نہ کھائیں
منیجر
خورشید یونانی دواخانہ گولبازار ربوہ
مقصد زندگی
و
احکام ربانی
اسی صفحہ کا رسالہ۔ کارڈ آنے پر مفت
عبداللہ الہ دین سکندرآباد دکن

پاکستان ویسٹرن ریلوے — لاہور ڈویژن

ٹنڈر نوٹس

درج ذیل زون ورکس برائے سال ۶۳-۱۹۶۲ء سال مختتمہ ۳۰ جون ۶۳ء کے لئے ترمیم شدہ شیڈول آف ریٹس کی اساس پر پرسنٹیج ریٹ کے سربمہر ٹنڈر مجوزہ فارموں پر جو اس دفتر سے ۳ر جنوری ۶۳ء ساڑھے گیارہ بجے تک دستیاب ہو سکتے ہیں۔ زیر دستخطی ساڑھے بارہ بجے تک وصول کریں گے۔ اسی روز ساڑھے بارہ بجے بعد دوپہر کھولے جائیں گے اس کے بعد آنے والے ٹنڈر قبول نہ ہوں گے۔

نمبر شمار	کام کی تفصیل	تخمیناً لاگت معہ ٹنڈر پرسنٹیج	زر بیعانہ جو ڈویژنل پے ماسٹر لاہور کے پاس جمع کرایا جائے گا
	ورکس زون		
(ا)	سب ڈویژن نمبر ۴/وزیر آباد — زون نمبر ۲:- انسپکٹر آف ورکس وزیر آباد کے سیکشن میں (گوجرانوالہ بشمول تا شاہدرہ ماسوائے)	۹۰۰۰/- روپے	۱۰۰۰/- روپے
(ب)	سب ڈویژن نمبر ۶ لائلپور — زون نمبر ۵:- انسپکٹر آف ورکس لائلپور کے سیکشن میں (چک جھمرہ ،سوائے تا ہنڈیوالی ماسوائے)	۹۰۰۰/- روپے	۱۰۰۰/- روپے
(ج)	زون نمبر ۶:- اسسٹنٹ انسپکٹر آف ورکس سکھیکی کے سیکشن	۹۰۰۰/- روپے	۱۰۰۰/- روپے

۲۔ ٹھیکیداروں کو ریٹ معہ ریلوے برکس دینے چاہئیں جو بلا قیمت فراہم کی جائیں گی۔

۳۔ جن ٹھیکیداروں کے نام اس ڈویژن کے منظور شدہ ٹھیکیداروں کی فہرست پر نہیں ہیں وہ ۳ر جنوری ۶۳ء تک ٹنڈر دینے سے پیشتر اپنے نام رجسٹر کرالیں۔

۴۔ مفصل شرائط اور ترمیم شدہ شیڈول آف ریٹس زیر دستخطی کے دفتر میں کسی بھی یوم کار کو دیکھے جا سکتے ہیں۔ یہ ٹھیکیداروں کے اپنے مفاد میں ہے کہ زر بیعانہ ۳ر جنوری ۶۳ء سے قبل ڈویژنل پے ماسٹر پی۔ ڈبلیو لاہور کے پاس جمع کرا دیں۔ ریلوے انتظامیہ سب سے کم یا کسی ٹنڈر کو قبول کرنے کی پابند نہیں ہے۔

۵۔ پرسنٹیج ریٹ پوری رقموں میں دئے جائیں، فرق والے ریٹ مسترد کر دیئے جائیں گے۔

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ

پاکستان ویسٹرن ریلوے، لاہور

تیسرا آل پاکستان فضلِ عمر اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ

مجلس خدام الاحمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام تیسرا آل پاکستان فضل عمر اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ انشاء اللہ تعالیٰ مورخہ ۱۱، ۱۲، ۱۳ جنوری ۱۹۶۳ء کو لجنہ ہال ربوہ میں منعقد ہو رہا ہے۔

اس ٹورنامنٹ میں سنگل۔ ڈبل اور لکی ڈبل کے مقابلہ جات ہوں گے۔ ہر سہ مقابلہ جات میں اول و دوم آنے والی ٹیموں کو شیلڈز اور قیمتی انعامات دئے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ میں شرکت کی اطلاع زیادہ سے زیادہ ۸ر جنوری ۶۳ء تک بنام سیکرٹری ٹورنامنٹ کو آجانی چاہیئے۔ فیس داخلہ حسب ذیل ہوگی۔

(۱) سنگل فی کھلاڑی ۳/- (۲) ڈبل فی ٹیم ۵/- (۳) لکی ڈبل فی کھلاڑی ۲/-

(سیکرٹری ٹورنامنٹ)

درخواست دعا عاجز کی اہلیہ تیز لڑکا عزیز جاوید انور بیمار ہیں۔ احباب شفایابی کے لئے دعا فرمائیں۔

(خاکسار سید حمید الدین احمد سیکرٹری تبلیغ انجمن احمدیہ جمشید پور انڈیا)

ربوہ میں رہائشی و تجارتی قطعات حاصل کرنے کا
سنہری موقعہ

مکرم جناب وکیل المال صاحب تحریک جدید کی طرف سے اعلان کردہ اراضی جو تقریباً ۱۰ کنال تھی تقسیم ہو چکی ہے۔ اس زمین کے قرب میں یعنی تعلیمی ادارہ جات کے پاس مزید زمین بصورت دکانات و رہائشی قطعات قابلِ فروخت ہیں جن کی قیمت حسب ذیل ہوگی۔

۱۔ دکانات جو گولبازار کے اندر ہیں = دو ہزار روپیہ فی کنال

۲۔ دکانات جو گولبازار سے باہر نکلنے والے چار بڑے بازاروں میں = پندرہ سو روپیہ فی کنال

۳۔ رہائشی قطعات = ۷۵۰/- روپے فی کنال

دکانات کے قطعات قریباً دس دس مرلے کے ہیں اور رہائشی قطعات دس دس مرلے اور ایک ایک کنال کے ہیں۔ کونے کے قطعات پر قیمت دس فیصدی زیادہ ہوگی۔

رقوم افسر صاحب امانت صدر انجمن احمدیہ کو بمد مرکز پاکستان بارسال فرمائی جائیں۔ اور سیکرٹری کمیٹی آبادی ربوہ کو اطلاع دی جائے۔ تاکہ فہرست خریداران تیار کرنے میں آسانی ہو۔

الاٹمنٹ ۲۷ر دسمبر ۱۹۶۲ء کو شام کے ۵ بجے دفتر کمیٹی آبادی ربوہ میں ہوگی اور حسب سابق رقوم کی وصولی کی ترتیب سے ہوگی۔

جو خریدار الاٹمنٹ پر حاضر نہ ہو سکیں گے کمیٹی آبادی ان کا نمبر آنے پر خالی قطعات میں سے بہترین قطعہ ان کو الاٹ کر دے گی۔ اور خریدار کو اس پر اعتراض کا حق نہ ہوگا۔

اس بات کے اعادہ کی ضرورت نہیں کہ زمین نہایت باموقعہ ہے اور اس کی مانگ بہت زیادہ ہے بلکہ بعض دوستوں نے قیمت جمع کرانا بھی شروع کر دی ہے۔ اسلئے یہ بات دوستوں کے اپنے فائدہ میں ہوگی کہ قیمت جلد سے جلد جمع کرا دیں تاکہ ان کا خریداری نمبر ابتداء میں آجائے۔

زمین کی پلاٹ بندی ہو چکی ہے اور الاٹمنٹ ہونے پر فوراً قبضہ دیا جا سکتا ہے۔

(سیکرٹری کمیٹی آبادی ربوہ)

"ملکی اور غیر ملکی طلبائے جامعہ احمدیہ کی تقاریر"

اس سال بھی الجمعیۃ العلمیۃ جامعہ احمدیہ کے زیر اہتمام مورخہ ۲۷ر دسمبر اجلاس شب میں مندرجہ ذیل طلباء تقاریر کریں گے۔ یہ اجلاس جلسہ گاہ میں چھ بجے شام منعقد ہوگا۔ احباب کرام ان دلچسپ اور معلوماتی تقاریر سے بھی مستفید ہوں۔ انشاء اللہ العزیز اس اجلاس کی صدارت حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان فرمائیں گے۔

۱۔ مکرم احمد شمشیر سوکیہ آف مارشس — "مارشس میں جماعتِ احمدیہ کی سرگرمیاں"

۲۔ " سعید داؤد صاحب آف سیرالیون — "احمدیت سیرالیون میں"

۳۔ " محمد یوسف سلیم درجہ رابعہ — "وقفِ زندگی اور اسکی برکات"

۴۔ " لطیف احمد " خامسہ — "جماعتِ احمدیہ اور اشاعتِ اسلام"

۵۔ " سیف اللہ یوسف " " — "عیسائیت کا مقابلہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟"

۶۔ " سید کمال یوسف صاحب سابق مبلغ سکنڈے نیویا — "سکنڈے نیویا میں احمدیت کا نفوذ اور مخلصین جماعت"

(الامین للجمعیۃ العلمیہ)

سیکرٹریان مال توجہ فرماویں

وقفِ جدید کا سال پنجم چند روز تک ختم ہو رہا ہے جملہ سیکرٹریان مال سے گزارش ہے کہ جس قدر چندہ وقفِ جدید آپ کے پاس موجود ہے بلا توقف مرکز میں بھجوا دیں ایسا انتظام فرما دیں کہ ۳۱-۱۲-۶۲ تک تمام رقوم داخل خزانہ ہو جائیں۔

جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء

(ناظم مال وقفِ جدید)

درخواست دعا

میرا لڑکا عزیز مبشر ندیم احمد بیمار رہے۔ احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ عزیز کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

(خاکسار علی احمد اکاؤنٹنٹ فضل عمر ریسرچ انسٹیٹیوٹ)

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴